BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION, MULTAN. (223)

OBJECTIVE KEY FOR INTERMEDIATE ANNUAL EXAMINATION, 2022

07/20/22

Name of Subject: اردو (لازمی) Session: A/ 2022

Q.Nos	Paper Code	Paper Code	Paper Code	Paper Code
1	C			
2	B			
3	A			
4	C			
5	A			
6	C			
7	A			
8	A			
9	A			
10	D			
11	B			
12	A			
13	D			
14	C			
15	B			
16	A			
17	C			
18	C			
19	B			
20	D			

سرٹیفکیٹ بابت تصحیح سوالیہ پرچہ/مارکنگ Key

انٹرمیڈیٹ سالانہ امتحان 2022ء کا

ہم نے مضمون اردو (لازمی) پرچہ پہلا گروپ — سوالیہ پرچہ انشائیہ ومعروضی (Subjective & Objective) کو بنظرِ عمیق چیک کرلیا ہے یہ پرچہ Syllabus کے عین مطابق Set کیا گیا ہے۔ اس سوالیہ پرچہ میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ ہم نے سوالیہ پرچہ کا اردو اور انگریزی Version بھی چیک کرلیا ہے۔ یہ Version آپس میں مطابقت رکھتے ہیں۔ نیز اس پرچہ کی معروضی (MCQs) Key کی بابت تصدیق کی جاتی ہے کہ اس میں بھی کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ مزید یہ کہ ہم نے Key بنانے سے متعلق دفتر کی جانب سے تیار کردہ ہدایات وصول کرکے ان کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اور ان کی روشنی میں Key بنائی ہے۔ نیز سب ایگزامینرز کیلئے تفصیلی مارکنگ ہدایات/ مارکنگ سکیم/Rubrics بھی تیار کر دی گئی ہیں۔

Prepared & Checked By:

Dated: 23-07-22

S.#	Name	Designation	Institution	Mobile No	Signature
1	Raazia Batool Jafri	AP	Govt College (W) Chungi No 6 Multan	0321-6372398	[signature]
2	Dr. Abrar	Prof.	Emerson University Multan	0333-6102885	[signature]
3					

Re-Checked By ہم نے درج بالا سوالیہ پرچہ (انشائیہ + معروضی) معروضی "Key" اور ہدایات کے حوالہ سے مکمل طور پر تسلی کرلی ہے۔ کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔

1					
2					

تاریخ ____________

رول نمبر ______

2022 (A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I (کلاس گیارھویں)

اردو اعلیٰ — پرچہ - پہلا

وقت = 2.30 گھنٹے

کل نمبر = 80

اِنشائیہ

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

حصہ اول

2۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 2 + 12

حمام و کبوتر کا بھوکا نہیں مَیں — کہ ہے زندگی باز کی زاہدانہ
جھپٹنا ، پلٹنا ، پلٹ کر جھپٹنا — لہو گرم رکھنے کا ہے اک بہانہ
یہ پورب ، یہ پچھم، چکوروں کی دنیا — مرا نیلگوں آسماں بیکرانہ

3۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 4 + 1 + 4

(الف) سراپا معصیت میں ہوں، سراپا مغفرت وہ ہے — خطا کوشی روش میری، خطا پوشی ہے کام اس کا
مری افتادگی بھی میرے حق میں اس کی رحمت تھی — کہ گرتے گرتے بھی میں نے لیا دامن ہے تھام اس کا

(ب) آیا ہمارے دیس میں اِک خوش نوا فقیر — آیا اور اپنی دُھن میں غزل خواں گزر گیا
اب دور جا چکا ہے وہ شاہِ گدا نما — اور پھر سے اپنے دیس کی راہیں اداس ہیں

حصہ دوم

4۔ مندرجہ ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور سیاق وسباق بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 1 + 2 + 6

کمرے میں تنہا پڑ کر وہ دیر تک سوچتی رہی کہ وہ کیا کرے۔ وہ اماں کو خوش نہیں رکھ سکتی، انھیں خوش رکھنے کے لیے اسے پرائے گھر میں پڑا رہنا ہوگا۔ تنہائی اور بیکاری میں جو جذبے اسے ستائیں گے، ان سے کس طرح پیچھا چھڑائے گی، اور جو یادوں کے بُھوت اس کے گرد منڈلانے لگتے ہیں ان سے بچ کر وہ کہاں بھاگے گی۔

5۔ (الف) درج ذیل شعرا میں سے کسی ایک پر سوانحی وتنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔ 10 = 6 + 4

(i) علامہ محمد اقبالؒ (ii) اکبرالہ آبادی

(ب) شوکت صدیقی پر سوانحی وتنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔ 5 = 2 + 3

6۔ درج ذیل کرداروں میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(i) سلمان (ii) شریف حسین (iii) اکبر (iv) ارشاد

7۔ داستان پر تنقیدی نوٹ تحریر کریں۔ **یا** الطاف حسین حالی کی ادبی خدمات پر نوٹ لکھیے۔ 10

8۔ '' مرثیہ '' اور '' ناول '' پر مختصر نوٹ تحریر کیجیے۔ 5 + 5

(228)

رول نمبر ____________

2022 (A)

per Code
Number: 2371

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I (کلاس گیارہویں)

اردو اعلیٰ پرچہ - پہلا

وقت = 30 منٹ

کل نمبر = 20

معروضی

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اِس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) اردو کس زبان کا لفظ ہے؟ (A) عربی (B) فارسی (C) ترکی (D) عبرانی

(2) اردو کی پہلی نثری تصنیف قرار دیا جاتا ہے۔ (A) آب حیات (B) معراج العاشقین (C) میدان عمل (D) حیات سعدی

(3) حالی نے غالب کو کیا کہا ہے؟ (A) حیوان ظریف (B) حیوان مطلق (C) حیوان شریف (D) حیوان قدیم

(4) " گنج خوبی " کس فارسی تصنیف کا اردو ترجمہ ہے؟ (A) اخلاق جمیدی (B) اخلاق مجیدی (C) اخلاق محسنی (D) اخلاق کریمی

(5) رجب علی بیگ سرور کس شہر میں پیدا ہوئے؟ (A) لکھنؤ میں (B) دہلی میں (C) بریلی میں (D) رام پور میں

(6) ناول " آگ کا دریا " کس کی تصنیف ہے؟ (A) منٹو (B) کرشن چندر (C) قرۃ العین حیدر (D) غلام عباس

(7) مرزا ہادی رسوا کی جائے پیدائش ہے۔ (A) لکھنؤ (B) دہلی (C) بریلی (D) رام پور

(8) ناول " آنگن " پر کون سا ادبی انعام دیا گیا؟ (A) آدم جی (B) ابراہیم جی (C) موسیٰ جی (D) عیسیٰ جی

(9) افسانہ " کتبہ " کس افسانوی مجموعے میں شامل ہے؟ (A) آنندی (B) کن رس (C) زادِ راہ (D) چوپال

(10) " مٹی کا دریا " کس کی آپ بیتی ہے؟ (A) غلام عباس (B) پریم چند (C) خدیجہ مستور (D) میرزا ادیب

(11) تشبیہ کے ارکان کی تعداد ہے۔ (A) تین (B) پانچ (C) سات (D) نو

(12) کمرہ آئینے کی طرح صاف ہے۔ یہ مثال ہے۔ (A) تشبیہ کی (B) استعارہ کی (C) کنایہ کی (D) مجاز مرسل کی

(13) " پلکوں پہ مچل رہے ہیں انجم " اس میں مستعار لہ ہے۔ (A) پلکیں (B) مچلنا (C) انجم (D) آنسو

(14) ارکان استعارہ کی تعداد ہے۔ (A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

(15) کنایہ میں لفظ اپنے کس معنی میں استعمال ہوتا ہے؟ (A) حقیقی (B) مجازی (C) لغوی (D) مہمل

(16) تلمیح کس زبان کا لفظ ہے؟ (A) عربی (B) فارسی (C) ترکی (D) ہندی

(17) " ابن مریم ہوا کرے کوئی " اس مصرع میں ہے۔ (A) تضاد (B) تعلیل (C) تلمیح (D) لف و نشر

(18) " ہوئے تم دوست جس کے دشمن اس کا آسماں کیوں ہو " اس مصرع میں ہے۔ (A) تلمیح (B) تعلیل (C) تضاد (D) کنایہ

(19) کسی بات کے ایسے سبب کا بیان جس میں حقیقت کی بجائے شاعرانہ خوبی موجود ہو، کہلاتا ہے۔ (A) تلمیح (B) تعلیل (C) تضاد (D) کنایہ

(20) " عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی " میں صفت موجود ہے۔ (A) تلمیح (B) ایہام (C) تعلیل (D) تضاد